ایسے اعمال کہ جنہیں دیکھ کر آسمان سے رحمت کے فرشتوں کا نزول ہو

صحیح احادیث
اور عمدہ تربیتی و فکری فوائد
پر مشتمل ایک منفرد اور انمول کاوش

رحمت کے فرشتے

آپ کے پاس

www.KitaboSunnat.com

تالیف
عبد المنان راسخ
خادم السنة النبوية الشريفة

مکتبہ قدوسیہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

معزز قارئین توجہ فرمائیں!

کتاب وسنت ڈاٹ کام پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب ....

- عام قاری کے مطالعے کے لیے ہیں۔
- مجلس التحقیق الاسلامی کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق واجازت کے بعد آپ لوڈ (Upload) کی جاتی ہیں۔
- دعوتی مقاصد کی خاطر ڈاؤن لوڈ، پرنٹ، فوٹو کاپی اور الیکٹرانک ذرائع سے محض مندرجات نشرواشاعت کی مکمل اجازت ہے۔

☆ تنبیہ ☆

- کسی بھی کتاب کو تجارتی یا مادی نفع کے حصول کی خاطر استعمال کرنے کی ممانعت ہے۔
- ان کتب کو تجارتی یا دیگر مادی مقاصد کے لیے استعمال کرنا اخلاقی، قانونی وشرعی جرم ہے۔

﴿اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب متعلقہ ناشرین سے خرید کر تبلیغ دین کی کاوشوں میں بھرپور شرکت اختیار کریں﴾

- نشرواشاعت، کتب کی خرید وفروخت اور کتب کے استعمال سے متعلقہ کسی بھی قسم کی معلومات کے لیے رابطہ فرمائیں۔

kitabosunnat@gmail.com

www.KitaboSunnat.com

www.kitabosunnat.com

رحمت کے فرشتے آپ کے پاس

www.KitaboSunnat.com

عبد المنان راسخ

مکتبہ قدوسیہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

خوبصورت اور معیاری مطبوعات

کتاب وسنت
کی
نشر واشاعت
کے لیے
کوشاں

اهتمام طباعت

ابوبکر قدوسی

۲۰۱۰

مکتبہ قدوسیہ

قدوسیہ اسلامک پریس

محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

چمکتے موتی

- دعائیہ کلمات -- 5
- گزارشاتِ راسخ -- 6
- رحمت کے فرشتوں کا نزول برحق ہے ---------------------------- 7
- اللہ تعالیٰ کو رب مان کر ثابت قدم رہنے والوں پر فرشتے اترتے ہیں ----- 8
- ایمانی کیفیت جب عروج پر ہو تو رحمت کے فرشتے اترتے ہیں --------- 8
- مومن اور صاحب توکل لوگوں کی مدد کے لیے فرشتے اترتے ہیں ------- 10
- ذکر الٰہی کی مجلس میں رحمت کے فرشتے اترتے ہیں ----------------- 11
- مسجد میں قرآن کی تلاوت اور اس کے پڑھنے پڑھانے پر رحمت کے فرشتے اترتے ہیں 12
- رات کو تلاوت قرآن کرنے والے پر رحمت کے فرشتے اترتے ہیں ----- 13
- اللہ تعالیٰ کی تعریف اور حمد وثنا والے کلمات کہنے والے پر فرشتے اترتے ہیں 15
- اللہ کی خوشنودی کے لیے اپنے مسلمان بھائی کی ملاقات کے لیے جب نکلیں تو رحمت کے فرشتے اترتے ہیں ---------------------------- 16
- رات کو باوضو سونے والے پر رحمت کا فرشتہ نگران مقرر رہتا ہے -------- 16
- رات کو سوتے وقت آیۃ الکرسی پڑھنے والے پر رحمت کا فرشتہ نگران ہوتا ہے 17
- تہجد پڑھنے والے خوش نصیب پر رحمت کے فرشتے اترتے ہیں --------- 18
- لیلۃ القدر کو فرشتوں کی جماعت کا نزول ہوتا ہے ------------------ 19
- جنگل یا کسی کھلے میدان میں اکیلا آدمی اذان اقامت کہہ کر نماز پڑھے تو رحمت کے فرشتے اترتے ہیں ------------------------------------ 20

محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

- نماز اشراق پڑھنے والے پر رحمت کے فرشتے اترتے ہیں ------------ 20
- نماز ظہر باجماعت ادا کرنے والے پر رحمت کے فرشتے اترتے ہیں ----- 21
- نماز فجر وعصر باجماعت ادا کرنے والے پر رحمت کے فرشتے اترتے ہیں -- 21
- اول وقت میں امام کے منبر پر بیٹھنے سے پہلے خطبہ جمعہ میں آنے والے خوش نصیب کا نام فرشتے اپنے صحیفوں میں لکھتے ہیں --------------- 23
- رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود پڑھنے والے پر رحمت کے فرشتے اترتے ہیں -- 24
- طالب علم کی قدردانی کے لیے رحمت کے فرشتے اترتے ہیں ----------- 25
- اللہ کی راہ میں خرچ کرنے والے کے لیے رحمت کے فرشتے اترتے ہیں -- 26
- ظالم رشتہ داروں کے ساتھ حسن سلوک کریں تو رحمت کے فرشتے اترتے ہیں 27
- ذکر وتقویٰ کا زادراہ لے کر مسافر گھر سے نکلے تو اس پر رحمت کے فرشتے اترتے ہیں 28
- مسلمان بھائی کے لیے اس کی عدم موجودگی میں دعا کی جائے تو فرشتے اترتے ہیں 29
- مریض کی عیادت کو جانے والے پر رحمت کے فرشتے اترتے ہیں ------- 30
- نیک لوگوں کے جنازوں پر رحمت کے فرشتے اترتے ہیں ----------- 31
- مسجدوں کا خیال رکھنے والوں کے لیے خصوصی فرشتوں کا پروٹوکول ----- 32
- فرشتوں کے ساتھ کے لیے آٹھ امور سے اجتناب کریں ------------ 33
- جس سے فرشتے تکلیف محسوس کرتے ہیں ---------------------- 40

زندگی میں نور ایمان کا رنگ بھرنے کے لیے
مصنف کی دیگر تصانیف پڑھنا ہرگز نہ بھولیے!

محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

دعائیہ کلمات

اپنے حقیقی چچاجان محترم حاجی ملک محمد رمضان رحمۃ اللہ علیہ کے لیے جو حد درجہ شریف، دیانتدار اور دینی جذبہ سے سرشار ایک عظیم انسان تھے۔آپ رحمۃ اللہ علیہ چند سالوں سے میرے سفر وحضر کے ساتھی تھے میں آپ کی محبت، چاہت اور اخلاص کو کبھی فراموش نہیں کرسکتا۔آپ رحمۃ اللہ علیہ نے 11/12 مئی 2009 کی درمیانی شب کو اپنے مال و جان کی حفاظت کرتے ہوئے شہادت کی موت پائی۔ اناللہ وانا الیہ راجعون اللہ تعالیٰ آپ کے گناہ معاف فرما کر درجات کو بلند فرمائے۔

اَللّٰهُمَّ اسْقِهِ مِنْ اَنْهَارِ الْجَنَّةِ وَاَطْعِمْهُ مِنْ ثِمَارِ الْجَنَّةِ

ابن حکیم عبدالرحمٰن راسخ

محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

مجھے ضرور پڑھیے

رحمت کے فرشتوں کا نزول کوئی معمولی بات نہیں اور نہ ہی رحمت کے فرشتے ہر ایک کے پاس آتے ہیں بلکہ چند خوش نصیب افراد ایسے ہوتے ہیں جن کے نیک اعمال کو شرف وعزت سے نوازتے ہوئے رب تعالیٰ ان پر رحمت کے فرشتوں کو نازل فرما دیتے ہیں اور یہ بہت بڑی سعادت کی بات ہے۔

یاد رہے! دنیا میں دو طرح کے لوگ ہیں۔ 1 ایسے بدنصیب جن کی بداعمالیوں کی وجہ سے آسمان سے لعنتیں نازل ہوتیں ہیں اور ہر قسم کی ذلت ورسوائی اور پھٹکار ان کے منہ پر ماردی جاتی ہے۔ 2 ایسے خوش نصیب کہ جن کے اچھے عمل کی وجہ سے ان کی عزت افزائی کے لیے آسمان سے رحمت کے فرشتوں کی جماعت نازل کردی جاتی ہے اور ایسے لوگ ہی دنیا وآخرت کے معزز ترین افراد ہیں اور اعلیٰ کامیابی بھی صرف انہی کے لیے ہے۔ ویسے بھی نیک انسان کی نیکی کی قدر عام دنیا دار شخص کبھی نہیں کرسکتا اور نہ ہی مخلص مسلمان کی نیکی کا صلہ دینا کسی انسان کے بس کی بات ہے اور نہ ہی کسی صاحب عمل کو اپنے عمل کی شاباش کا کسی انسان سے مطالبہ کرنا چاہیے۔ حقیقت میں مخلص مسلمان کی عزت افزائی اس کا رب کرتا ہے جس کے لیے وہ دن رات تڑپتا ہے اور اللہ تعالیٰ کی نوازشات کے انداز بھی حد درجہ نرالے ہوتے ہیں کبھی رحمتوں کا نزول فرما کر، کبھی فرشتوں کو مبعوث فرما کر، کبھی مقرب ملائکہ کے ذریعہ بشارتیں سنا کر اور کبھی رحمت کے فرشتوں کو ان کا نگران بنا کر ان کی عزت، شان وشوکت اور عظمت میں اضافہ فرماتا ہے۔

اس مختصر رسالہ میں 125 یسے اعمال صحیح احادیث کی روشنی میں تحریر کیے گئے ہیں کہ جن کی ادائیگی پر رحمت کے فرشتوں کا v.i.p پروٹوکول حاصل ہوتا ہے۔

آیئے! اس مبارک رسالہ کو پڑھ کر عمل کریں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

رحمت کے فرشتوں کا نزول برحق ہے

رسولوں کے علاوہ نیک بندوں پر رحمت کے فرشتوں کا نازل ہونا کتاب وسنت کے واضح دلائل سے ثابت ہے۔ بخاری و مسلم سمیت احادیث مبارکہ کی تمام کتابوں میں کثیر تعداد سے ایسی روایات موجود ہیں جن میں واضح طور پر موجود ہے کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور صحابیات رضی اللہ عنہن پر فرشتوں کا نزول ہوا بلکہ کئی نیک بندوں کے ساتھ رحمت کے فرشتے ہم کلام بھی ہوئے۔ جیسا کہ حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ کے بارے میں واضح طور پر الاصابہ اور صحیح مسلم میں موجود ہے بلکہ امام کائنات حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے صحابہ رضی اللہ عنہم کے لیے دعا کیا کرتے تھے کہ اے اللہ! ان پر اپنی رحمت کے فرشتوں کا نزول فرما۔ مسند احمد کی صحیح حدیث میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بارے میں آتا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک صحابی کے گھر افطاری کی اور بعد میں مندرجہ ذیل دعا کی۔

اَفْطَرَ عِنْدَکُمُ الصَّائِمُوْنَ وَاَکَلَ طَعَامَکُمُ الْاَبْرَارُ وَتَنَزَّلَتْ عَلَیْکُمُ الْمَلَائِکَةُ

”روزہ دار تمہارے ہاں افطاری کریں اور نیک لوگ تمہارا کھانا کھائیں اور رحمت کے فرشتے تم پر اتریں۔“

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اس دعا سے جہاں فرشتوں کے نزول کی اہمیت اور فضیلت واضح ہوتی ہے وہاں یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ نیک بندوں پر رحمت کے فرشتوں کا نزول برحق ہے۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو اچھا کردار اور مسنون اعمال اپنا کر یہ سعادت حاصل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

1 اللہ تعالیٰ کو رب مان کر ثابت قدم رہنے والوں پر فرشتے اترتے ہیں

ایسے خوش نصیب جو اللہ تعالیٰ کی ربوبیت اور عزت وعظمت کو مان کر مشکل حالات میں اس کی توحید پر قائم رہتے ہیں اور ہردم اسی کو مشکل کشا، حاجت روا اور مختارِکل سمجھتے ہیں اللہ تعالیٰ ایسے خوش نصیبوں کو اپنے مقرب فرشتوں کا v.i.p پروٹوکول عطا کرتے ہیں اور رحمت کے فرشتے ایسے خوش بختوں کو جہاں تسلی واطمینان بخشتے ہیں وہاں وہ ان کو جنت کی بشارتیں بھی سناتے ہیں اور اس بات کا ذکر اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید کی سورہ حم سجدہ آیت نمبر 30 میں فرمایا:

اِنَّ الَّذِیْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا تَتَنَزَّلُ عَلَیْهِمُ الْمَلٰٓئِكَةُ اَلَّا تَخَافُوْا وَلَا تَحْزَنُوْا وَاَبْشِرُوْا بِالْجَنَّةِ الَّتِیْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ ○

"بلاشبہ وہ لوگ جنہوں نے کہا کہ ہمارا رب اللہ ہے پھر وہ اس پر ثابت قدم رہے ان پر فرشتے یہ کہتے ہوئے اترتے ہیں کہ نہ تم ڈرو اور نہ غم کرو اور جنت کی بشارت کے ساتھ خوش ہو جاؤ جس کا تم وعدہ کیے گئے ہو۔"

آیت کریمہ سے معلوم ہوا کہ مسلمان کو اللہ تعالیٰ کو رب مان کر ہر حال میں راضی رہنا چاہیے اور بڑی سے بڑی مشکل کے موقع پر بھی اس کا در نہیں چھوڑنا چاہیے جو خوش نصیب اس کو رب مان کر ثابت قدم رہتا ہے اللہ تعالیٰ ایسے شخص پر فرشتوں کا نزول فرماتے ہیں۔

2 ایمانی کیفیت جب عروج پر ہو تو رحمت کے فرشتے اترتے ہیں

جب انسان ہمہ وقت دنیا کی لغویات سے بچ کر آخرت کی فکر میں مشغول رہے اور اپنی زبان کو ذکر الٰہی سے تر رکھے تو اللہ تعالیٰ ایسے خوش نصیب پر اپنی رحمت

محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

کے فرشتوں کو نازل فرماتے ہیں جوان پر سلام کرتے ہوئے ان سے ہمکلام ہوتے ہیں۔ صحیح مسلم میں حدیث ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس حضرت حنظلہ اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہما تشریف لائے اور کہنے لگے اے اللہ کے رسول! جب ہم آپ کی مجلس میں ہوتے ہیں تو ہمارا ایمان بہت تازہ ہوتا ہے اور جب ہم آپ کی مجلس سے اٹھ کر گھروں کو جاتے ہیں تو پھر دنیا کے معاملات میں کھو جاتے ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس موقع پر ارشاد فرمایا:

لَوْ كَانَتْ تَكُوْنُ قُلُوْبُكُمْ كَمَا تَكُوْنُ عِنْدَ الذِّكْرِ لَصَافَحَتْكُمُ الْمَلَائِكَةُ حَتّٰى تُسَلِّمَ عَلَيْكُمْ فِي الطُّرُقِ

''اگر تمہارے دل اسی طرح ہوں جس طرح نصیحت کے وقت ہوتے ہیں تو لازماً فرشتے تم سے مصافحہ کریں حتی کہ وہ راستوں میں تمہیں سلام کہیں۔''

اور صحیح مسلم میں دوسری جگہ ہے:

لَصَافَحَتْكُمُ الْمَلَائِكَةُ عَلٰى فُرُشِكُمْ

''البتہ فرشتے تمہارے بستروں پر تم سے مصافحہ کریں۔''

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ دینی مجلس اور مسجد سے نکل کر یادِ الٰہی سے غافل نہیں ہونا چاہیے بلکہ گھر ہو یا بازار یا دکان ہر مقام پر اللہ سبحانہ وتعالیٰ کو یاد رکھنا چاہیے اور آخرت کی فکر میں مشغول رہنا چاہیے جو لوگ دینی مجالس اور مساجد سے نکل کر اپنے اوپر دنیا کا گرد وغبار نہیں آنے دیتے اللہ تعالیٰ ایسے خوش نصیبوں پر رحمت کے فرشتوں کو نازل فرماتے ہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

3 مومن اور صاحب توکل لوگوں کی مدد کے لیے مشکلات میں فرشتے اترتے ہیں

جن لوگوں کے پاس ایمان کی دولت ہو اور ان کا توکل اپنے رب پر مضبوط ہو تو اللہ تعالیٰ ایسے لوگوں کی مشکلات کو آسان کرنے کے لیے آسمان سے رحمت کے فرشتوں کو نازل فرماتے ہیں۔ قرآن وحدیث میں ایسی بے شمار مثالیں ہیں کہ جب ایمانی غیرت سے سرشار اور صاحب توکل لوگوں کو دنیاوی اسباب سے مایوسی ہوئی تو اللہ تعالیٰ نے رحمت کے ملائکہ کو نازل فرمایا۔ بطورِ دلیل دو مثالیں تحریر کی جاتی ہیں:

1۔ حضرت ہاجرہ علیہا السلام اپنے بیٹے کے ساتھ جب جنگل بیابان میں بھوکی پیاسی تھی اور پانی کا قطرہ تک کہیں نظر نہ آتا تھا تو اللہ تعالیٰ نے اپنی صاحب ایمان اور صاحب توکل نیک بندی کے لیے آسمان سے حضرت جبریل علیہ السلام کو نازل فرمایا جنہوں نے زمین پر ایڑی ماری تو اللہ تعالیٰ نے آبِ زم زم کا چشمہ جاری فرما دیا۔ (صحیح بخاری)

اگر آج ہماری مائیں بہنیں بھی اللہ پر توکل کرتے ہوئے اپنی غیرتِ ایمانی کا خیال رکھیں تو ان کی مشکلیں آسان کرنے کے لیے بھی اللہ تعالیٰ فرشتوں کی جماعت نازل فرما سکتا ہے لیکن یہ پروٹوکول ناشکری اور بے صبری کرنے والی عورت کو حاصل نہیں ہوتا۔

2۔ اسلام اور کفر کی جب پہلی بڑی جنگ ہوئی تو مسلمان ہر اعتبار سے کمزور تھے مگر ایمان اور توکل کے اعتبار سے اللہ کی زمین پر ان کا ہم پلہ کوئی نہیں تھا۔ اللہ سبحانہ وتعالیٰ کو ان چند مٹھی بھر مسلمانوں کا جذبہ ایمان اور جذبہ توکل اس قدر پسند آیا کہ اللہ سبحانہ تعالیٰ نے سیدنا جبریل علیہ السلام کی سرپرستی میں فرشتوں کی فوجوں کو مقام بدر پر نازل فرما دیا اور بظاہر ناممکن فتح کو حقیقی کامیابی میں تبدیل کر دیا اور اس بات

محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

کا تذکرہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے قرآن مجید کے کئی مقامات پر فرمایا ہے۔

اگر آج مسلمان بدری صحابہ جیسا جذبہ ایمان اور جذبہ توکل لے کر دشمن کے مقابلہ میں نکلیں تو دنیا کی کوئی باطل قوت ان کی طاقت اور ہیبت کا مقابلہ نہیں کر سکتی کیونکہ ایسے افراد پر رحمت کے فرشتوں کا پہرہ ہوتا ہے جو دشمن کو زیر وذلیل کر دیتا ہے۔ مگر افسوس! کہ آج مسلمان بظاہر سب کچھ ہونے کے باوجود دشمن کے سامنے ذلیل ورسوا صرف اس لیے ہیں کہ وہ ہر موقع پر اپنے ذاتی مفاد کو آگے رکھتے ہیں اور رب تعالیٰ کے مقرب ملائکہ کی نصرت وتائید سے محروم رہتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ہمیں جذبہ ایمان اور جذبہ توکل سے سرشار فرمائے تاکہ ہم کو رحمت کے فرشتوں کی مکمل تائید حاصل ہو۔

4 ذکر الٰہی کی مجلس میں رحمت کے فرشتے اترتے ہیں

صحیح بخاری میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کے چند فرشتے ذکر کرنے والوں کی مجلس کو تلاش کرتے ہیں جب وہ کسی جماعت کو اللہ کے ذکر میں مشغول پاتے ہیں تو آپس میں ایک دوسرے کو کہتے ہیں ادھر آجاؤ ہم کو ہماری مطلوبہ جگہ مل چکی ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ذکر الٰہی کی مجلس میں آنے والے فرشتے تعداد میں اس قدر زیادہ ہوتے ہیں کہ

فَيَحُفُّونَهُمْ بِأَجْنِحَتِهِمْ إِلَى السَّمَآءِ الدُّنْيَا

''وہ ذکر والی مجلس کو آسمان دنیا تک اپنے پروں سے گھیر لیتے ہیں۔''

یہ ایک لمبی حدیث کا ابتدائی ٹکڑا ہے جس سے معلوم ہوتا کہ ذکر الٰہی کی مجلس اتنی مبارک اور پاکیزہ ہوتی ہے کہ رحمت کے فرشتے ہر طرف سے اس کو گھیر لیتے ہیں لیکن یہاں یہ مسئلہ اچھی طرح سمجھ لینا چاہیے کہ ذکر الٰہی کی مبارک مجلسوں میں بدعت اور مصنوعی اذکار کا رنگ غالب نہیں ہونا چاہیے مگر افسوس! کہ شیطان نے اکثر دینی طبقہ کو کتاب وسنت سے ہٹا کر من گھڑت ذکر واذکار اور حرکات وعادات میں

محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

بری طرح مبتلا کر دیا ہے۔ کہیں قلب جاری کرنے کے افسانے ہیں اور کہیں اندھیرے میں ہُو ہُو کی جھلیاں ہیں یاد رہے! یہ سب طور طریقے قرآن وحدیث اور طرزِ صحابہ سے ہٹے ہوئے ہیں۔ اس سلسلہ میں سنن دارمی میں صحیح حدیث ہے کہ چند لوگ مسجد میں حلقہ بنا کر ذکر کر رہے تھے جب حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کو علم ہوا تو آپ سخت ناراض ہوئے اور فرمایا ابھی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کپڑے بھی بوسیدہ نہیں ہوئے اور تم لوگوں نے دین میں نئے طریقے ایجاد کر لیے ہیں یہ بھلائی نہیں بلکہ تم گمراہی کا راستہ کھول رہے ہو۔ آیئے! اس حدیث کے مطابق ذکر کے حلقوں کی اصلاح کریں۔ اللہ تعالیٰ ہم کو دین کے مطابق ذکر کی سعادت نصیب فرمائے تا کہ ہم کو فرشتوں کا v.i.p پروٹوکول حاصل ہو۔

5 مسجد میں قرآن کی تلاوت اور اس کے پڑھنے پڑھانے پر فرشتے اترتے ہیں

جب اللہ کے نیک بندے اللہ کے گھر میں بیٹھ کر قرآن پاک کو پڑھتے پڑھاتے اور سیکھتے سکھلاتے ہیں سادہ لفظوں میں مسجد میں جو شعبہ ناظرہ قرآن، حفظ القرآن اور ترجمۃ القرآن ہوتا ہے ایسے خوش نصیبوں پر اللہ تعالیٰ رحمت کے فرشتوں کو نازل فرما دیتے ہیں صحیح مسلم کی حدیث ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

وَمَا اجْتَمَعَ قَوْمٌ فِيْ بَيْتٍ مِنْ بُيُوتِ اللّٰهِ، يَتْلُوْنَ كِتَابَ اللّٰهِ وَيَتَدَارَسُوْنَهُ بَيْنَهُمْ إِلَّا نَزَلَتْ عَلَيْهِمُ السَّكِيْنَةُ وَغَشِيَتْهُمُ الرَّحْمَةُ وَ حَفَّتْهُمُ الْمَلَائِكَةُ وَ ذَكَرَهُمُ اللّٰهُ فِيْمَنْ عِنْدَهُ

''جو لوگ اللہ کے گھروں میں سے کسی گھر میں بیٹھ کر قرآن کی

محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

تلاوت کرتے ہیں اور قرآن مجید پڑھتے پڑھاتے ہیں اللہ تعالیٰ انہی پر سکینت نازل کرتا ہے اور رحمت ان کو ڈھانپ لیتی ہے اور فرشتے ان کو گھیر لیتے ہیں اور اللہ تعالیٰ ایسے لوگوں کا ذکر اپنے پاس فرشتوں میں کرتا ہے۔''

www.KitaboSunnat.com

اس حدیث میں مسجد میں بیٹھ کر قرآن پاک کی تلاوت کرنے اور قرآن مجید پڑھنے پڑھانے کی فضیلت میں چار باتوں کا ذکر کیا گیا ہے۔

1۔ اللہ تعالیٰ ایسے لوگوں کے دلوں پر سکینت نازل فرماتا ہے یعنی ان کو روحانی سکون اور اطمینان کے ساتھ نوازا جاتا ہے اور یہ بہت بڑے اعزاز کی بات ہے کہ کسی شخص پر اللہ کی طرف سے سکینت نازل ہو۔

2۔ مسجد میں بیٹھ کر قرآن پڑھنے پڑھانے والوں کو ہر طرف سے رحمت ڈھانپ لیتی ہے یعنی ان کے ہر طرف اللہ تعالیٰ کی رحمت ہوتی ہے۔

3۔ ایسے خوش نصیب رحمت کے فرشتوں کے گھیرے میں ہوتے ہیں یعنی ایسے خوش نصیبوں کی عزت افزائی مقرب فرشتوں کی جماعت کو نازل فرما کر کی جاتی ہے

4۔ اللہ سبحانہ وتعالیٰ ایسے لوگوں کا ذکر خیر اپنے پاس مقرب ملائکہ میں بھی کرتے ہیں۔ مسلمان بھائیو! زندگی اللہ کی امانت ہے اس عارضی زندگی میں ہمیشہ کی زندگی کا سامان اکٹھا کرو اور مسجد میں بیٹھ کر قرآن کی تلاوت کرنا اور قرآن مجید کا ترجمہ پڑھنا روزانہ کا معمول بنائیں۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو یہ سعادت نصیب فرمائے۔

6 رات کو تلاوت قرآن کرنے والے پر رحمت کے فرشتے اترتے ہیں

قرآن پاک کی تلاوت جب بھی کی جائے باعث برکت اور باعث رحمت ہے لیکن قرآن مجید اور صحیح بخاری کی ایک حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ رات کو قرآن پاک کی تلاوت کرنا اس قدر مبارک عمل ہے کہ اللہ تعالیٰ ایسے قاری کی تلاوت کو سننے

محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

کے لیے آسمان سے ملائکہ نازل فرما دیتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

اِنَّ قُرْآنَ الْفَجْرِ کَانَ مَشْهُوْدًا

''بے شک فجر کا قرآن ہمیشہ سے فرشتوں کے حاضر ہونے کا وقت رہا ہے۔''

اور صحیح بخاری میں حضرت اسید رضی اللہ عنہ کا واقعہ موجود ہے کہ وہ رات کو سورہ بقرہ کی تلاوت فرما رہے تھے کہ اچانک ان کے گھوڑے نے بدکنا شروع کر دیا آپ رضی اللہ عنہ نے تلاوت بند کی تو گھوڑا اپنی جگہ پر ٹھہر گیا غرض کہ آپ جب بھی پڑھتے گھوڑا بدک جاتا اور جب قرآن کی تلاوت سے رک جاتے تو گھوڑا اپنی جگہ پر اپنی جگہ پر آرام سے ٹھہر جاتا۔ حضرت اسید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں میں نے اپنا سر آسمان کی طرف اٹھایا کہ میں کیا دیکھتا ہوں کہ ایک سائبان ہے کہ جس میں چراغوں کی طرح روشنیاں ہیں میں اس سائبان کو دیکھتا رہا حتی کہ وہ میری نظروں سے اوجھل ہو گیا میں نے یہ سارا معاملہ صبح کے وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بیان کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اے اسید! یہ کوئی عام سائبان نہیں تھا۔

تِلْکَ الْمَلَائِکَةُ دَنَتْ لِصَوْتِکَ وَلَوْ قَرَأْتَ لَأَصْبَحَتْ يَنظُرُ النَّاسُ إِلَيْهَا لَا تَتَوَارَىٰ مِنْهُمْ

''بلکہ یہ رحمت کے فرشتے تھے جو تیری آواز سننے کے لیے نزدیک ہوئے تھے اور اگر تو تلاوت جاری رکھتا تو صبح ہوتے ہی لوگ ان فرشتوں کی طرف دیکھتے تو وہ فرشتے ان سے چھپ نہ سکتے۔''

معلوم ہوا رات کی تلاوت حد درجہ خیر و برکت کا باعث ہے بلکہ راتوں کو قرآن پڑھنے والوں کے پاس رحمت کے فرشتے آتے ہیں جو قاری قرآن کی تلاوت کو سنتے ہیں۔

یاد رہے! صحیح حدیث کے مطابق قرآن پاک دیکھ کر پڑھنے سے زیادہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

ثواب ہوتا ہے۔

7 اللہ تعالیٰ کی تعریف اور حمد وثنا والے کلمات کہنے والے پر فرشتے اترتے ہیں

زبان سے بولنا اللہ تعالیٰ کی بہت بڑی نعمت ہے۔ جب زبان سے اچھے بول بولے جائیں تو ان کے ذریعے جہاں دنیا میں انسان کو عزت نصیب ہوتی ہے وہاں اللہ تعالیٰ اپنے ملائکہ سمیت ایسے انسان کی قدر فرماتے ہیں اور کبھی کبھار تو مسلمان اپنی زبان سے شکر بھرے اللہ تعالیٰ کی حمد وثنا اور اس کی تعریف والے ایسے پیارے کلمات اپنی زبان سے نکالتا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کی قدردانی کے لیے فرشتوں کی جماعت کو نازل فرما دیتے ہیں۔

سنن نسائی میں ایک صحیح حدیث ہے کہ رسول اللہ ﷺ کی موجودگی میں ایک صحابی نے مندرذیل کلمات کہے:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ حَمْدًا كَثِيْرًا طَيِّبًا مُبَارَكًا فِيْهِ مُبَارَكًا عَلَيْهِ كَمَا يُحِبُّ رَبُّنَا وَيَرْضٰى

آپ ﷺ نے جب یہ کلمات سنے تو پوچھا یہ الفاظ کس نے کہے ہیں؟ ایک صحابی کہنے لگے اے اللہ کے رسول! یہ کلمات میں نے کہے ہیں آپ ﷺ نے فرمایا: تیری زبان سے نکلنے والے یہ کلمات اتنے پیارے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے ان کو اٹھانے کے لیے تقریباً 39 فرشتوں کو نازل فرمایا اور وہ 39 فرشتے ان کلمات کو اٹھانے کے لیے ایک دوسرے سے جلدی کر رہے تھے۔

اے مسلمان! اب یہ تیری مرضی ہے کہ تو پیاری زبان سے پیارے کلمات کہہ کر رحمت کے فرشتوں کا vip پروٹوکول حاصل کرتا ہے یا اپنی زبان کو آوارہ چھوڑ

محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

کر لعنت کا مستحق ٹھہرتا ہے۔

8 اللہ کی خوشنودی کے لیے اپنے مسلمان بھائی کی ملاقات کے لیے جب نکلیں تو رحمت کے فرشتے اترتے ہیں

ایسا مسلمان بھائی کے جس کے ساتھ رابطہ، تعلق اور دوستی اللہ تعالیٰ کو رضا کے لیے ہو، جب آدمی اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کے لیے اس کی ملاقات کو نکلے تو اللہ تعالیٰ ایسے شخص کے لیے رحمت کا فرشتہ نازل فرما دیتے ہیں۔

صحیح مسلم میں حدیث ہے کہ ایک شخص جب دوسری بستی میں اپنے مسلمان بھائی کی ملاقات کے لیے نکلا تو اللہ تعالیٰ نے راستہ میں ایک رحمت کا فرشتہ مقرر کر دیا جس نے اس کو مخاطب کرتے ہوئے کہا:

فَإِنِّیْ رَسُوْلُ اللّٰہِ إِلَیْکَ بِأَنَّ اللّٰہَ قَدْ أَحَبَّکَ کَمَا أَحْبَبْتَهُ فِیْهِ

''میں تیری طرف اللہ تعالیٰ کا فرشتہ ہوں اور تجھے یہ بشارت سنانے آیا ہوں کہ اللہ تعالیٰ بھی تیرے ساتھ اسی طرح محبت کرتے ہیں جس طرح تو اس شخص سے اس کے لیے محبت کرتا ہے۔''

معلوم ہوا بغیر دنیوی مفاد کے صرف رضائے الٰہی اور خوشنودیٔ رحمان کے لیے اپنے نیک بھائی کی ملاقات کو نکلنا بہت بڑی سعادت کی بات ہے ایسی صورت میں رحمت کے فرشتوں کا نزول ہوتا ہے مگر افسوس! کہ آج ہم بغیر مفاد کے ایک قدم نہیں اٹھاتے بلکہ رضائے الٰہی کے لیے ہونے والے سفر کو ہم فضول اور وقت کا ضیاع سمجھتے ہیں۔

9 رات کو باوضو سونے والے پر رحمت کا فرشتہ نگران مقرر ہوتا ہے

وضو کے بے شمار روحانی وجسمانی فوائد ہیں بہت زیادہ فوائد میں سے ایک

محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

فائدہ یہ بھی ہے کہ اگر رات کو باوضو لیٹا جائے تو ساری رات رحمت کا فرشتہ نگرانی کے لیے مقرر رہتا ہے اور وہ ساری رات بخشش کی دعا کرتا ہے۔

حدیث کی مشہور کتاب الترغیب والترہیب اور صحیح الجامع الصغیر میں روایت ہے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

لَيْسَ مِنْ عَبْدٍ يَبِيْتُ طَاهِرًا اِلَّا بَاتَ مَعَهُ فِيْ شِعَارِهِ مَلَكٌ لَا يَنْقَلِبُ سَاعَةً مِنَ اللَّيْلِ اِلَّا قَالَ: اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِعَبْدِكَ فَاِنَّهُ بَاتَ طَاهِرًا

''جو بھی شخص وضو کی حالت میں رات گزارتا ہے تو اس کے پاس ایک فرشتہ رات گزارتا ہے جب بھی لیٹنے والا کوئی کروٹ بدلتا ہے تو رحمت کا فرشتہ دعا کرتا ہے اے اللہ! اپنے بندے کو معاف کردے اس نے باوضو رات گزاری ہے۔''

مسلمان بھائیو! بظاہر کس قدر معمولی سا عمل ہے مگر اس پر اللہ کی طرف سے پروٹوکول اس قدر زیادہ ہے کہ ساری رات رحمت کا فرشتہ نگران مقرر رہتا ہے کیا آپ یہ اعزاز ہر رات حاصل کرتے ہیں......؟

10 رات کو سوتے وقت آیۃ الکرسی پڑھنے والے پر رحمت کا فرشتہ نگران ہوتا ہے

آیۃ الکرسی قرآن پاک میں بہت زیادہ شان والی ہے آپ اس آیت کو توحیدی نغمہ اور معرفت الٰہی کا چشمہ کہہ سکتے ہیں اگر اس کو ہر فرض نماز کے بعد پڑھا جائے تو جنت لازم ہو جاتی ہے اور اگر رات کو سوتے وقت پڑھ لیں تو ساری رات رحمت کا فرشتہ مقرر رہتا ہے جو پوری رات نگرانی کرتا ہے اور شیطان انسان کے قریب تک نہیں آتا۔ صحیح

محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

بخاری شریف میں حدیث ہے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کو شیطان نے کہا:

إِذَا أَوَيْتَ إِلَى فِرَاشِكَ فَاقْرَأْ آيَةَ الْكُرْسِي حَتَّى تَخْتِمَ الْآيَةَ فَإِنَّكَ لَنْ يَّزَالَ عَلَيْكَ مِنَ اللّٰهِ حَافِظٌ وَلَا يَقْرَبُكَ شَيْطَانٌ حَتَّى تُصْبِحَ

''جب تو اپنے بستر پر لیٹے تو مکمل آیۃ الکرسی پڑھ لے صبح تک تجھ پر اللہ کی طرف سے ایک فرشتہ نگران رہے گا اور شیطان تیرے قریب نہیں آئے گا۔''

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے یہ بات امام کائنات حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے آکر بیان کی تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

قَدْ صَدَقَكَ وَهُوَ كَذُوبٌ

''شیطان نے تیرے ساتھ سچ بولا ہے حالانکہ وہ بہت بڑا جھوٹا ہے۔''

اس حدیث طیبہ سے معلوم ہوا کہ رات کو آیۃ الکرسی پڑھ کر لیٹنے والا رحمت کے فرشتے کی نگرانی میں ہوتا ہے اور ہر قسم کے شیطانی اثرات سے محفوظ رہتا ہے۔

11 تہجد پڑھنے والے خوش نصیب پر رحمت کے فرشتے اترتے ہیں

نمازِ تہجد کی پابندی کرنے والا کائنات کا عظیم ترین انسان اور کامیاب ترین مسلمان ہے بشرطیکہ وہ کتاب وسنت کا پابند ہو۔ قرآن مجید کی طرح صحیح مسلم میں بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حدیث ہے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

فَإِنَّ صَلَاةَ آخِرِ اللَّيْلِ مَشْهُودَةٌ وَذَالِكَ أَفْضَلُ

''رات کے آخری حصہ کی نماز میں فرشتوں کی حاضری ہوتی ہے اور یہ بہت افضل نماز ہے۔''

محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

دیگر احادیث میں رسول اللہ ﷺ کا ارشاد پاک ہے کہ تہجد گزار کو جہاں رحمت کے فرشتوں کا v.i.p پروٹوکول حاصل ہوتا ہے وہاں ایسے شخص کو اللہ تعالیٰ آسمان دنیا میں آ کر آواز دیتے ہیں ''مجھ سے رزق مانگو میں غیروں سے بے نیاز کردوں، مجھ سے شفا مانگو میں صحت عطا کردوں، مجھ سے گناہوں کی معافی مانگو میں تمہارے دامن کو نیکیوں سے بھردوں۔'' مسلمان بھائیو! تہجد گزار اللہ کی زمین پر تقویٰ اور ایمان کا ایک چمکتا ہوا ستارہ ہے کہ جس کی روشنی پر آسمان کا چاند بھی رشک کرتا ہے۔ اٹھو! اور جیتے جی یہ سعادتیں حاصل کرلو۔

12 لیلۃ القدر کو فرشتوں کی جماعت کا نزول ہوتا ہے

لیلۃ القدر حد درجہ بابرکت اور پر رحمت ہے اس کی عظمت اور قدر و منزلت کا اندازہ بخاری و مسلم کی اس حدیث سے لگایا جاسکتا ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا: کہ جس نے اس رات کا قیام کیا اللہ تعالیٰ اس کی زندگی بھر کے تمام گناہ معاف کردیتے ہیں اور یاد رہے اس رات فرشتوں کا نزول اس قدر زیادہ ہوتا ہے کہ زمین پر کوئی جگہ خالی نہیں رہتی اور قرآن پاک میں ارشاد باری تعالیٰ ہے:

لَيْلَةُ الْقَدْرِ خَيْرٌ مِّنْ اَلْفِ شَهْرٍ تَنَزَّلُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَالرُّوْحُ فِيْهَا بِاِذْنِ رَبِّهِمْ

''قدر کی رات ہزار مہینے سے بہت زیادہ بہتر ہے اس میں فرشتے اور حضرت جبریل علیہ السلام اپنے اللہ کے حکم سے نازل ہوتے ہیں۔''

اور صحیح حدیث کے مطابق اِنَّ الْمَلَائِكَةَ تِلْكَ اللَّيْلَةِ فِي الْاَرْضِ اَكْثَرُ مِنْ عَدَدِ الْحَصٰى اس رات فرشتے زمین پر کنکریوں کی تعداد سے بھی زیادہ ہوتے ہیں رمضان المبارک کے آخری عشرہ کی طاق راتوں میں لیلۃ القدر کی جستجو کرنی

محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

چاہیے اور کثرت کے ساتھ جامع ترمذی شریف میں آنے والی مسنون دعا پڑھنی چاہیے:

اَللّٰهُمَّ اِنَّکَ عَفُوٌّ کَرِیْمٌ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّیْ

''اے اللہ! یقیناً تو بہت زیادہ معاف کرنے والا، ہمیشہ بزرگی والا ہے تو درگزری کو پسند کرتا ہے مجھ سے درگزر فرما۔''

13 جنگل یا کسی کھلے میدان میں اکیلا آدمی اذان اقامت کہہ کر نماز پڑھے تو رحمت کے فرشتے اترتے ہیں

انسان جنگل، بیابان، صحرا اور چٹیل میدان میں اللہ کی بڑائی کا اعلان کرتے ہوئے نماز قائم کرتا ہے تو اللہ سبحانہ وتعالیٰ اس کی اقتداء میں رحمت کے فرشتوں کی جماعت نازل فرما دیتے ہیں۔ جیسا کہ الترغیب والترہیب میں حدیث رسول ہے اور سنن کبریٰ میں حد درجہ واضح الفاظ ہیں کہ جب اکیلا شخص نماز کے لیے کھڑا ہوتا ہے تو صلی خلفه من الملائكه اس کے پیچھے فرشتے نماز پڑھتے ہیں۔

یَرْکَعُوْنَ بِرُکُوْعِهٖ وَیَسْجُدُوْنَ بِسُجُوْدِهٖ وَیُؤَمِّنُوْنَ عَلٰی دُعَائِهٖ

''وہ اس کے رکوع کے ساتھ رکوع کرتے ہیں اور اس کے سجدے کے ساتھ سجدے کرتے ہیں اور اس کی دعا پر آمین کہتے ہیں۔''

معلوم ہوا کہ صحرا اور چٹیل میدان میں پہنچ کر یادِ الٰہی سے غافل نہیں رہنا چاہیے بلکہ رب کبریا کی کبریائی کا نغمہ بلند کرتے ہوئے نماز قائم کرنی چاہیے تاکہ رحمت کے فرشتوں کا v.i.p پروٹوکول حاصل ہو۔

14 نمازِ اشراق پڑھنے والے پر رحمت کے فرشتے اترتے ہیں

نمازِ اشراق کی ادائیگی کے بے شمار فوائد ہیں اور یہ واحد نفل نماز ہے کہ جس کی

محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

ادائیگی پر پورے حج اور پورے عمرے کا ثواب حاصل ہوتا ہے اور جسم کے تمام اعضاء کا حق بھی ادا ہو جاتا ہے اور مسلمان بڑی روحانیت سے اپنے دن کا آغاز کرتا ہے۔ یاد رہے نمازِ اشراق سے اپنے دن کا آغاز کرنے والے شام کو کبھی نامراد نہیں لوٹتے، اس مبارک نماز کی ادائیگی پر پابندی کیجیے کیونکہ اس موقع پر رحمت کے فرشتے بھی حاضر ہوتے ہیں۔ صحیح مسلم شریف میں حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے ایک طویل حدیث مروی ہے جس میں نماز اشراق کے متعلق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان عظیم الشان ہے:

فَإِنَّ الصَّلَاةَ مَشْهُودَةٌ مَحْضُورَةٌ

"بلاشبہ اس نماز میں فرشتوں کی حاضری ہوتی ہے۔"

اس حدیث طیبہ سے معلوم ہوا کہ اس عظیم نماز کے وقت میں فرشتوں کا نزول ہوتا ہے اور نماز اشراق پڑھنے والے کو v.i.p پروٹوکول دیا جاتا ہے۔

15 نمازِ ظہر باجماعت ادا کرنے والے پر رحمت کے فرشتے اترتے ہیں

نمازِ ظہر ایک فرض نماز ہے جس کی ادائیگی باعثِ رحمت اور ذریعہ نجات ہے اس نماز کے وقت میں بھی رحمت کے فرشتوں کی حاضری ہوتی ہے جیسا کہ صحیح مسلم کی حدیث کے الفاظ ہیں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

فَإِذَا أَقْبَلَ الْفَيْءُ فَصَلِّ فَإِنَّ الصَّلَاةَ مَشْهُودَةٌ مَحْضُورَةٌ

"پس جب سورج ڈھل جائے تو نماز پڑھو کیونکہ اس نماز کے موقع پر بھی فرشتوں کی حاضری ہوتی ہے۔"

16 نمازِ فجر وعصر باجماعت ادا کرنے والے پر رحمت کے فرشتے اترتے ہیں

نمازِ فجر اور نمازِ عصر کی اہمیت کسی مسلمان پر پوشیدہ نہیں، بعض روایات میں

محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

ان دونوں نمازوں کو نفاق اور اخلاص کے درمیان حد فاصل قرار دیا گیا ہے۔ ان نمازوں کی ادائیگی میں غفلت کرنے والا منافق مسلمان کہلاتا ہے اور ان دونوں نمازوں پر جذبہ وشوق سے پابندی کرنے والا مخلص اہل ایمان کی صف میں شامل ہوتا ہے۔ بخاری شریف کی روایت کے مطابق یہ دونوں نمازیں باجماعت ادا کرنے والوں پر رحمتوں کے فرشتوں کا نزول ہوتا ہے۔ مدرسہ نبوت کے پہلے شیخ الحدیث حضرت امام ابوہریرہ رضی اللہ عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بیان کرتے ہیں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

" يَتَعَاقَبُوْنَ فِيْكُمْ مَلَائِكَةٌ بِاللَّيْلِ وَ مَلَائِكَةٌ بِالنَّهَارِ وَيَجْتَمِعُوْنَ فِيْ صَلَاةِ الْفَجْرِ وَ صَلَاةِ الْعَصْرِ ، ثُمَّ يَعْرُجُ الَّذِيْنَ بَاتُوْا فِيْكُمْ فَيَسْأَلُهُمْ وَهُوَ اَعْلَمُ بِهِمْ كَيْفَ تَرَكْتُمْ عِبَادِيْ؟ فَيَقُوْلُوْنَ تَرَكْنَاهُمْ وَهُمْ يُصَلُّوْنَ وَ أَتَيْنَاهُمْ وَهُمْ يُصَلُّوْنَ

" تمہارے پاس دن رات کو باری باری فرشتے آتے جاتے ہیں اور وہ صبح اور عصر کی نماز میں جمع ہوجاتے ہیں پھر وہ فرشتے جو تمہارے پاس رات گزارتے ہیں وہ اوپر چڑھ جاتے ہیں اللہ تعالیٰ ان سے سوال کرتا ہے کہ جب کہ وہ خوب جانتا ہے تم نے میرے بندوں کو کس حال میں چھوڑا؟ وہ کہتے ہیں ہم انہیں نماز پڑھتے ہوئے چھوڑ کر آئے ہیں اور جب ہم ان کے پاس گئے تھے تو تب بھی وہ نماز پڑھ رہے تھے۔"

مسلمان بھائیو! نماز فجر باجماعت پڑھ کر برکت کے ساتھ اپنی صبح کا آغاز کریں اور نمازِ عصر باجماعت پڑھ کر اپنے دن کے اختتام کی طرف سفر کریں ان شاء اللہ زندگی کے تمام بوجھ ہلکے ہوجائیں گے اور آپ کو غائبی مدد حاصل ہوگی اور رحمت کے فرشتے آپ کے پروٹوکول کے لیے آپ کے آگے پیچھے ہوں گے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

17 اول وقت میں امام کے منبر پر بیٹھنے سے پہلے خطبہ جمعہ میں آنے والے خوش نصیب کا نام فرشتے اپنے صحیفوں میں لکھتے ہیں

ہمارے معاشرے میں خطبہ جمعہ کی بے قدری کرنے والے افراد تھوک کے حساب سے ہیں ہر مسجد میں ستر یا اسی فیصد لوگ امام کے منبر پر بیٹھنے کے بعد آتے ہیں جس کی وجہ سے ان کی فرشتوں کے رجسٹروں میں غیر حاضری ہوتی ہے اور وہ عظیم سعادت سے محروم رہتے ہیں۔ صحیح بخاری شریف میں سب سے پہلے مدرسہ رسالت کے سینئر شیخ الحدیث حضرت امام ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول رحمت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

اِذَا كَانَ يَوْمُ الْجُمُعَةِ وَقَفَتِ الْمَلَائِكَةُ عَلٰى بَابِ الْمَسْجِدِ يَكْتُبُوْنَ الْاَوَّلَ فَالْاَوَّلَ

"جب جمعہ کا دن ہوتا ہے تو فرشتے مسجد کے دروازے پر کھڑے ہوتے ہیں تو وہ سب سے پہلے اور اس کے بعد آنے والوں کے نام لکھتے ہیں۔"

اور جب خطیب مسجد خطبہ کے لیے مسجد آتا ہے تو فرشتے طَوَوْا صُحُفَهُمْ وَيَسْتَمِعُوْنَ الذِّكْرَ وہ اپنے صحیفوں کو لپیٹ لیتے ہیں اور خطبہ سنتے ہیں۔

خطبہ جمعہ میں شرکت کرنے والے مسلمان بھائی! اپنے ادا کیے ہوئے خطبوں کا ذرا جائزہ لیجیے کہ کیا آپ کو ہر دفعہ فرشتوں کے صحیفوں میں نام لکھوانے کا شرف حاصل ہوتا رہا ہے یا تو عرصہ دراز سے اس سعادت سے محروم ہے اور لگا تار فرشتوں کی حاضری میں تیری غیر حاضریاں ہیں یاد رکھ لے۔ زیادہ غیر حاضریاں تیرے لیے دنیا و آخرت میں حسرت، ندامت اور شرمندگی کا باعث ہوں گی۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

18 رسول اللہ ﷺ پر درود پڑھنے والے خوش نصیب پر رحمت کے فرشتے اترتے ہیں

رسول اللہ ﷺ پر کثرت سے مسنون درود پاک پڑھنا تمام رحمتوں، برکتوں، سعادتوں، خوشیوں اور بہاروں کو اپنے دامن میں سمیٹنے کے برابر ہے کونین کے تاجدار امام کائنات حضرت محمد رسول اللہ ﷺ پر مسنون درود پاک پڑھنے والا کبھی محروم نہیں رہتا۔ سنن نسائی شریف میں حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے ایک روایت ہے جس میں رسول اللہ ﷺ کا فرمان عظیم الشان ہے کہ آپ ﷺ پر درود پڑھنے والوں کو v.i.p پروٹوکول حاصل ہوتا ہے۔ حدیث شریف کے الفاظ کچھ یوں ہیں:

إِنَّ لِلّٰهِ مَلَائِكَةً سَيَّاحِينَ فِي الْأَرْضِ يُبَلِّغُونِي مِنْ أُمَّتِي السَّلَامَ

''بلاشبہ اللہ تعالیٰ کے کچھ ایسے فرشتے ہیں جو زمین پر گشت کرتے ہیں اور میری امت کے لوگوں کا سلام مجھے پہنچاتے ہیں۔

مسلمان بھائیو! امام الانبیاء ﷺ پر درود کو معمول بناؤ ہر مسئلہ حل ہوگا اور ہر گناہ معاف ہوگا مگر درود پڑھتے وقت یہ ضرور سوچا کرو کہ درود کے الفاظ ہم نے اپنی طرف سے بنا رکھے ہیں یا ہم درود میں الفاظ بھی وہی پڑھتے ہیں جو امام کائنات ﷺ نے ہم کو سکھلائے ہیں......؟

اکثر پمفلٹ اور دلربا چھوٹے چھوٹے پاکٹ سائز کتابچے ایسے دیکھنے کو ملتے ہیں کہ جن میں درود کے من گھڑت الفاظ کے ساتھ ساتھ من گھڑت فضائل بھی ہوتے ہیں ان بے ثبوت معاملات سے اجتناب کریں اور کتب احادیث میں وارد درود پاک کے الفاظ پر اکتفا کریں۔ قبولیت بھی ہوگی اور برکت بھی ملے گی وگرنہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

مایوسی کا سامنا ہوگا۔

19 طالب علم کی قدردانی کے لیے آسمان سے رحمت کے فرشتے اترتے ہیں

دین کا طالب علم اللہ تعالیٰ کا مہمان ہوتا ہے اللہ تعالیٰ دینی طالب علم کو اس کے ایک ایک قدم پر فرشتوں کے پروٹوکول سے نوازتے ہیں اور اس کے علاوہ تمام مخلوقات دین کے طالب علم کے لیے دعائیں کرتی ہیں آپ اپنی زندگی میں اس عظیم سعادت سے محروم نہ رہیں بلکہ آخری دم تک دین کے طالب علم بن کر رہیں۔ دینی مجالس میں بیٹھنا، ترجمہ کلاس کے لیے وقت نکالنا اور روزانہ دینی کتب کا مطالعہ کرنا آپ کے اچھے طالب ہونے کی واضح نشانیاں ہیں۔ سنن ابن ماجہ میں رسول اللہ ﷺ کی حدیث طیبہ ہے آپ ﷺ نے فرمایا:

مَا مِنْ خَارِجٍ خَرَجَ مِنْ بَيْتِهِ فِي طَلَبِ الْعِلْمِ إِلَّا وَضَعَتْ لَهُ الْمَلَائِكَةُ أَجْنِحَتَهَا رِضًا بِمَا يَصْنَعُ

''جو بھی گھر سے نکلنے والا حصول علم کے لیے گھر سے نکلتا ہے تو فرشتے اسکے اس عمل پر خوش ہو کر اس کے لیے اپنے پَر بچھاتے ہیں۔''

طالب علم کی شان کے لیے یہی حدیث کافی ہے کہ عرش وفرش کا مالک دین کے طالب علم کو کتنی عزتوں سے نوازتا ہے۔ اے میرے مسلمان بھائی! تیرے گھر کا ہر فرد، تیری ہر بیٹی اور ہر بیٹا دین کا طالب علم ہونا چاہیے۔ چاہے وہ زندگی کے ابتدائی مراحل میں ہو یا وہ زندگی کے آخری سانسوں پر ہو۔ اور یہ سب کچھ تبھی ممکن ہے جب تو خود دین کا طالب علم بنے گا۔ اللہ تعالیٰ ہمارے بیٹوں کو قرآن وحدیث کا امام بنائے اور ہمیں طالب علمی کی حالت میں عزت کی موت نصیب فرمائے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

20 اللہ کی راہ میں خرچ کرنے والے کے لیے دو رحمت کے فرشتے اترتے ہیں

اللہ کی راہ میں خرچ کرنا بہت بڑی عظمت کی بات ہے جان کے بعد انسان کو سب سے زیادہ محبوب اپنا مال ہوتا ہے اور جو شخص بے دریغ اپنا مال اللہ کی راہ میں اس کی رضا کے لیے خرچ کرتا ہے تو وہ کائنات کا معزز ترین شخص ہے اور ایسے شخص کے پروٹوکول کے لیے فرشتے اترتے ہیں اور بے مثال دعائیں کرتے ہیں۔ صحیح بخاری شریف کی حدیث کے مطابق امام الفقہا، شیخ الاسلام حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بیان کرتے ہیں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

مَا مِنْ يَوْمٍ يُصْبِحُ الْعِبَادُ فِيهِ إِلَّا مَلَكَانِ يَنْزِلَانِ فَيَقُولُ أَحَدُهُمَا اللّٰهُمَّ أَعْطِ مُنْفِقًا خَلَفًا، وَيَقُولُ الْآخَرُ اللّٰهُمَّ أَعْطِ مُمْسِكًا تَلَفًا

”ہر روز آسمان سے دو فرشتے نازل ہوتے ہیں ان میں سے ایک کہتا ہے اے اللہ! خرچ کرنے والے کو اچھا بدل عطا فرما اور دوسرا کہتا ہے اے اللہ! روکنے والے کا بیڑہ غرق کر دے۔“

اے مسلمان بھائی! روزانہ راہِ خدا میں خرچ کرتے ہوئے نازل ہونے والے فرشتے کی دعا کا حق دار ٹھہر۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ ان معصوم عن الخطا نفوس کی دعاؤں کو رد نہیں فرماتے۔ یاد رکھنا اللہ کی راہ میں خرچ کرنے کی بجائے گن گن کر رکھنے اور بخل کرنے کی عادت پڑ جائے تو ذلت و بربادی سے بچنا ناممکن ہوتا ہے آج ہی دینی مدارس اور مستحقین پر خرچ کرتے ہوئے یہ عظیم پروٹوکول حاصل کریں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

21 باوجود رشتے داروں کی زیادتی کے ان کے ساتھ حسن سلوک کرنے والے کی مدد کے لیے رحمت کا فرشتہ اترتا ہے

زندگی میں بڑے بڑے نالائق رشتہ داروں سے واسطہ پڑتا ہے عجیب وغریب بد دماغ لوگ زندگی میں آتے ہیں جن کے ساتھ گزارا کرنا موت وحیات کی کشمکش میں مبتلا ہونے کے برابر ہے لیکن پھر بھی اہل ایمان کو اپنا دامن گندلا ہونے سے بچانا چاہیے اور بے دین لوگوں کی تیشے کی طرح کاٹنے والی زبانوں کا مقابلہ ذرا زخم سہہ کر کرتے رہنا چاہیے ایسی صورت میں صبر وشکر کرنے والوں کا انجام بہت اچھا ہوتا ہے اور ظالم اپنے برے انجام کو پہنچتے ہیں۔ صحیح مسلم شریف کی ایک حدیث کے مطابق معلوم ہوتا ہے کہ بدسلوکی کے باوجود اچھا سلوک کرنے والے کے لیے اللہ تعالیٰ رحمت کے فرشتے کو بطور مددگار نازل فرمادیتے ہیں۔ دَور صحابہ کے عظیم محدث اور بے مثال فقیہ حضرت امام ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ایک شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اس نے کہا اے اللہ کے رسول! میرے رشتہ دار میرے ساتھ قطع تعلقی کرتے ہیں جب کہ میں ان کے ساتھ صلہ رحمی کرتا ہوں، میرے رشتہ دار میرے ساتھ برا سلوک کرتے ہیں جبکہ میں ان کے ساتھ اچھا برتاؤ کرتا ہوں وہ بہت زیادہ حماقتیں کرتے ہیں جب کہ میں بردباری کا مظاہرہ کرتا ہوں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اگر معاملہ ایسے ہی ہے جس طرح تو بیان کر رہا ہے۔ تو یاد رکھ! تو ان کے منہ میں گرم راکھ ڈال رہا ہے وہ کبھی اپنے منصوبوں میں کامیاب نہیں ہوں گے۔ اور مزید آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس صحابی کو تسلی دیتے ہوئے فرمایا:

وَلَا يَزَالُ مَعَكَ مِنَ اللهِ ظَهِيرٌ عَلَيْهِمْ مَا دُمْتَ عَلَى ذَالِكَ

''ہمیشہ تیرے ساتھ اللہ کی طرف سے ایک مددگار فرشتہ رہے گا جب

محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

تک تیرا یہی اچھا سلوک رہا وہ ان کے خلاف تیری مدد کرتا رہے گا۔"

بے دین رشتہ داروں سے ممکن حد تک کنارہ کش رہیں اور اچھے طریقے سے اپنے فرائض ادا کرتے رہیں ہر موقع پر درگزری اور معافی کو ترجیح دیں۔ ان شاء اللہ مستقبل میں آسانی ہوگی اور رحمت کے فرشتے کا ہمیشہ ساتھ رہے گا۔

22 اللہ کے ذکر میں مصروف صاحب تقویٰ مسافر کی نگرانی کے لیے رحمت کا فرشتہ اترتا ہے

سفر انسان کی ضرورت ہے کم ہو یا زیادہ ہر ایک کو سفر ضرور کرنا پڑتا ہے مگر سفر میں خلاف تقویٰ امور سے اجتناب کرنا اور موسیقی، ناچ گانا اور ساز و رنگ سے اپنے آپ کو بچا کر ذکر الٰہی میں مصروف رہنا اس قدر مبارک عمل ہے کہ اللہ تعالیٰ ایسے مسافر کے پروٹوکول کے لیے آسمان سے رحمت کے فرشتے کو نازل فرما دیتے ہیں جو مکمل طور پر اس کی نگرانی کرتا ہے۔ الترغیب والترہیب میں حضرت عقبہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

مَا مِنْ رَاكِبٍ يَخْلُوْ فِيْ مَسِيْرَةٍ بِاللّٰهِ وَذِكْرِهٖ إِلَّا رَدِفَهٗ مَلَكٌ

"جو بھی سوار سفر میں اللہ اور اس کے ذکر کا خیال رکھتا ہے اللہ سبحانہ وتعالیٰ ایک فرشتے کو اس کا ساتھی مقرر فرما دیتے ہیں۔"

دوران سفر رب تعالیٰ کو بھول جانا بہت بڑی حماقت ہے اور آج کل یہ حماقت عام کی جاتی ہے۔ ذکر الٰہی کی جگہ انڈیا کی گندگی حیا سوز فلموں کے ذریعے سارے سفر کو ناپاک کر دیا جاتا ہے دوران سفر پبلک سروس میں سوائے موسیقی اور گانوں کے کچھ سنائی نہیں دیتا۔ ایسے حالات میں شریف خاندانی لوگوں کا سفر کرنا حد درجہ مشکل ہو جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ ایسے آوارہ مزاج ڈرائیور حضرات اور گاڑیوں کے مالکان کو ہدایت نصیب فرمائے کہ وہ شیطان کی یاری کی بجائے تقویٰ کی راہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

اختیار کریں اور تلاوت قرآن، فہم قرآن اور فہم حدیث پر مشتمل آڈیو، وڈیو پروگرامز نشر کرتے ہوئے سفر میں فرشتوں کو ہم سفر رکھیں۔

23 اپنے مسلمان بھائی کی عدم موجودگی میں دعا کرنے والے کے لیے رحمت کا فرشتہ اترتا ہے

کسی کی عدم موجودگی میں اس کے لیے دعا کرنا بہت بڑی عظمت کی بات ہے اور ایسے شخص کو فرشتوں کا پروٹوکول حاصل ہوتا ہے۔ صحیح مسلم میں رسول اللہ ﷺ کی حدیث ہے آپ ﷺ نے فرمایا:

دَعْوَةُ الْمَرْءِ الْمُسْلِمِ لِأَخِيهِ بِظَهْرِ الْقَلْبِ مُسْتَجَابَةٌ، عِنْدَ رَأْسِهِ مَلَكٌ مُوَكَّلٌ كُلَّمَا دَعَا لِأَخِيهِ بِخَيْرٍ ، قَالَ الْمَلَكُ الْمُوَكَّلُ بِهِ آمِين وَلَكَ بِمِثْلٍ .

"مسلمان آدمی کی عدم موجودگی میں اپنے بھائی کے حق میں دعا قبول کی جاتی ہے اس کے سر کے قریب ایک فرشتہ مقرر ہوتا ہے جب بھی وہ اپنے بھائی کے لیے دعا کرتا ہے تو مقرر کردہ فرشتہ کہتا ہے آمین اور اللہ تجھے بھی اسی کی مثل عطا فرمائے۔"

اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے اپنے مسلمان بھائی کی عدم موجودگی میں چغل خوری اور غیبت سے پرہیز کرتے ہوئے اس کے لیے بھلائی اور ہدایت کی دعا کرنی چاہیے اور ہمیشہ اپنے مخلص دینی بھائیوں اور رشتہ داروں کو اپنی تنہائی کی نیک دعاؤں میں یاد رکھنا چاہیے جو لوگ تنہائی میں اپنے بھائی کے لیے خیر کی دعا کرتے ہیں ان کو رحمت کے فرشتوں کا پروٹوکول حاصل ہوتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

24 مریض کی عیادت کو جانے والے پر رحمت کے فرشتے اترتے ہیں

اکثر لوگ مریض کو ناکارہ سمجھ کر اس سے کنارہ کش رہتے ہیں اور اگر کوئی عیادت کے لیے جائے بھی تو وہ صرف مجبوری سمجھ کر جاتا ہے جب کہ ایسا نہیں ہونا چاہیے مریض کی عیادت کے لیے اکثر آتے جاتے رہنا چاہیے تاکہ اس کا دل بہلتا رہے یہاں تک کہ وہ بیماری کے بوجھ سے نجات پا جائے۔ جو لوگ اپنے بیمار مسلمان بھائی کی عیادت کے لیے جاتے ہیں ان کے لیے شاندار v.i.p پروٹوکول ہوتا ہے۔ مسند احمد میں ایک مقبول درجہ کی حدیث ہے دمادِ رسول حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

مَا مِنْ مُسْلِمٍ عَادَ اَخَاهُ اِلَّا ابْتَعَثَ اللّٰهُ لَهٗ سَبْعِيْنَ اَلْفَ مَلَكٍ يُصَلُّوْنَ عَلَيْهِ مِنْ اَيِّ سَاعَاتِ النَّهَارِ كَانَ ، حَتّٰى يُمْسِيَ وَمِنْ اَيِّ سَاعَاتِ اللَّيْلِ كَانَ حَتّٰى يُصْبِحَ

"جو کوئی مسلمان دن کی کسی گھڑی میں اپنے مسلمان کی عیادت کرے تو اللہ ستر ہزار فرشتے نازل فرماتے ہیں جو شام تک اس کے لیے رحمت و بخشش کی دعا کرتے ہیں اور اگر رات کے کسی وقت عیادت کرے تو وہ فرشتے صبح تک اس کے لیے رحمت و بخشش کی دعا کرتے ہیں۔"

پیارے بھائیو! ہمارے ہاں ایک عجیب رواج ہے کہ ہم عیادت صرف اپنے واقف لوگوں کی کرتے ہیں جبکہ کسی ناواقف دکھی بیمار مسلمان بھائی کی عیادت کے لیے جانا بہت بڑا مبارک عمل ہے لہٰذا اس لیے ہر دم بیماری سے پناہ مانگیں اور شفا کے طالب رہیں اور اگر کوئی کسی مرض میں مبتلا ہو جائے چاہے وہ کوئی ہو حتی کہ غیر مسلم بھی

محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

کیوں نہ ہو اس کی عیادت میں بھی غفلت نہ کریں۔ اللہ تعالیٰ کے فرشتوں کا پروٹوکول ہر دم آپ کا منتظر ہے۔

25 نیک لوگوں کی نمازِ جنازہ کے لیے رحمت کے فرشتے اترتے ہیں

اللہ والوں کے جنازہ میں دنیادار نہ پہنچیں تو غم نہیں کرنا چاہیے کیونکہ اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کو وہ شان عطا کرتا ہے جس کی کوئی مثال ہی نہیں کہ اللہ تعالیٰ اپنے پرہیزگار نیک بندوں کے جنازوں میں مقرب فرشتوں کی جماعت کو نازل فرما دیتے ہیں۔ جیسے یہ پروٹوکول کئی صحابہ کو زمانہ نبوی میں حاصل ہوا۔ حضرت سعد رضی اللہ عنہ اس حوالہ سے سرفہرست ہیں کہ جن کے جنازہ میں ستر ہزار فرشتوں نے شرکت فرمائی۔ اسی طرح سنن ابی داوٗد میں حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ سے ایک روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک جنازے کے ساتھ جا رہے تھے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بیٹھنے کے لیے سواری پیش کی گئی مگر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بیٹھنے سے انکار کر دیا لیکن جب واپسی پر سواری پیش کی گئی تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سوار ہو گئے جب آپ سے اس کے متعلق پوچھا گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

إِنَّ الْمَلَائِكَةَ كَانَتْ تَمْشِي فَلَمْ أَكُنْ لِأَرْكَبَ وَهُمْ يَمْشُونَ فَلَمَّا ذَهَبُوا رَكِبْتُ

"بلاشبہ جاتے وقت فرشتے بھی ساتھ چل رہے تھے ان کے چلتے ہوئے مجھے سوار ہونا اچھا نہ لگا پس جب وہ چلے گئے تو میں سوار ہو گیا۔"

اس حدیث طیبہ سے معلوم ہوا کہ نیک بندہ جہاں دنیا میں نیک اعمال کرتے ہوئے فرشتوں کا پروٹوکول حاصل کرتا ہے وہاں مرنے کے بعد بھی اس کے جنازہ میں رحمت کے فرشتے شرکت کرتے ہیں جو کہ بہت بڑی سعادت کی بات ہے۔ اللہ تعالیٰ یہ عظیم سعادت ہمیں بھی نصیب فرمائے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

26 مسجدوں کی آبادی اور خیر خواہی میں دلچسپی رکھنے والوں کے ساتھ خصوصی فرشتوں کا پروٹوکول ہوتا ہے

مسجد کو آباد رکھنے والے، مسجد کی خدمت اور مسجد سے دلی محبت رکھنے والے اللہ تعالیٰ کے خاص مہمان ہوتے ہیں۔ایک صحیح حدیث میں مساجد کو آباد رکھنے والے خوش نصیبوں کو اللہ کا ہمسایہ اور پڑوسی قرار دیا گیا ہے۔ مسند احمد اور سلسلہ احادیث صحیحہ میں ایک حدیث ہے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

اِنَّ لِلْمَسَاجِدِ اَوْتَادًا، الْمَلَائِكَةُ جُلَسَاءُ هُم ان غَابُوْا يَفْتَقِدُونهم وَان مَرِضُوْا عَادُوْهُمْ وَان كَانُوْا فى حَاجَةٍ اَعَانُوْهُمْ

''بلاشبہ مسجدوں میں بلند مرتبے والے لوگ ہوتے ہیں، فرشتے ان کے ہم نشیں ہوتے ہیں اگر وہ غائب ہوں تو وہ ان کی کمی محسوس کرتے ہیں اور اگر وہ بیمار ہوں تو ان کی عیادت کرتے ہیں اور اگر وہ پریشانی میں ہوں تو ان کی مدد کرتے ہیں۔''

یہاں بلند مرتبے والے لوگوں سے مراد ایسے خوش نصیب ہیں کہ جن کا تعلق ہر لحاظ سے مسجد کے ساتھ بہت مضبوط ہوتا ہے اور وہ مسجد کی دیکھ بھال اور آبادی میں کوشاں رہتے ہیں۔حدیث طیبہ سے واضح ہوتا ہے کہ مسجد سے تعلق، محبت اور لگاؤ رکھنا بڑے اعزاز کی بات ہے لیکن ان تمام اعزازات کو حاصل کرنے کے لیے صاحب توحید وسنت اور صاحب اخلاص ہونا بہت ضروری ہے ہمارے معاشرہ میں اکثر اہل مساجد شرکیہ امور میں ملوث اور بدعات کو فروغ دینے والے ہوتے ہیں اور اگر کہیں آپ کو شرک وبدعت سے پاک، اچھے عقیدہ کے حامل لوگ ملیں گے تو ان میں سے اکثر ایسے ہوں گے جو مساجد میں اپنی اجارہ داری قائم کیے ہوئے ہیں اور کئی مسجد کے

محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

متوالوں نے اللہ کے گھر کو اپنی آمدنی کا ذریعہ بنا رکھا ہے اور امام مسجد اور طلباء کے ساتھ حد درجہ حقیرانہ سلوک کرتے ہیں اور نمازیوں کی بہتر رائے کو بھی حیثیت نہیں دیتے اور اپنے حکم کو ٹھونسنا عین حق سمجھتے ہیں جو کہ حد درجہ شرم کی بات ہے اور ایسے لوگ ہمہ وقت ریاء، گھمنڈ اور سازشوں کے جال میں پھنسے رہتے ہیں اور ساتھ سمجھتے یہ ہیں کہ ہم ہی دین کے ٹھیکیدار ہیں جبکہ یہ ان کی بہت بڑی غلط فہمی ہے۔ یاد رکھیں! ایسے بد بخت لوگ ہمیشہ نامراد رہتے ہیں۔ اور ان ہی کے لیے دنیا و آخرت کی ذلت ہے۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو اخلاص سے اپنے گھروں کی خدمت کے لیے پسند فرمائے اور رحمت کے خصوصی فرشتوں کا قرب اور پروٹوکول نصیب کرے۔ آمین ثم آمین۔

★ رحمت کے فرشتوں سے محروم رہنے والے بدنصیب

رسول رحمت ﷺ نے جہاں ایسے اعمال کا ذکر خیر کیا کہ جن پر رحمت کے فرشتوں کا نزول ہوتا ہے وہاں ایسے اعمال کی نشاندہی بھی فرمائی کہ جن سے فرشتے نفرت کرتے ہیں اس سلسلہ میں سات ایسے اعمال کا ذکر کیا جاتا ہے کہ جن کی وجہ سے رحمت کے فرشتے انسان کے قریب آتے اور نہ ہی اللہ کی طرف سے بھلائی لے کر ان پر نازل ہوتے ہیں۔

1 کافر کی لاش کے پاس رحمت کے فرشتے نہیں جاتے

سب سے بڑا گناہ کفر ہے کہ انسان اللہ اور اس کے رسول کا انکار کرے اور حضرت محمد رسول ﷺ کی لائی ہوئی شریعت پر ایمان نہ رکھے ایسے بدنصیب کافر پر جب موت آتی ہے تو موت کے فرشتے بڑی سختی کے ساتھ روح قبض کرتے ہیں اور رحمت کے فرشتے لاش کے قریب تک نہیں آتے۔ سنن ابی داؤد میں رسول اللہ ﷺ کی ایک حدیث ہے جس میں ذکر ہے کہ:

ثَلَاثَةٌ لَا تَقْرَبُهُمُ الْمَلَائِكَةُ ، جِيفَةُ الْكَافِرِ

محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

"تین طرح کے لوگ ایسے ہیں کہ فرشتے ان کے قریب نہیں جاتے، کافر کی لاش۔"

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ کفر کی موت بڑی ذلت کی موت ہے اور اس کے مقابلہ میں اسلام اور ایمان کی حالت میں آنے والی موت بڑی عزت کی موت ہے۔ رسول رحمت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اکثر دعا فرمایا کرتے تھے:

اَللّٰهُمَّ مَنْ اَحْيَيْتَهُ مِنَّا فَاَحْيِهٖ عَلَى الْاِسْلَامِ وَمَنْ تَوَفَّيْتَهُ مِنَّا فَتَوَفَّهُ عَلَى الْاِيْمَانِ

"اے اللہ! ہم کو اسلام پر زندہ رکھنا اور ایمان پر موت نصیب فرمانا۔"

مسلمان بھائیو! موت وحیات کی کشمکش میں زبان سے غیر مناسب بلکہ کفریہ کلمات بھی نکل جاتے ہیں۔ انسان کلمہ یا قرآن وغیرہ سے تلخی میں آ کر انکار کر دیتا ہے اس لیے مندرجہ بالا دعا بڑے اہتمام سے پڑھا کریں تا کہ ایمان کی حالت میں موت آئے رحمت کے فرشتوں کا v.i.p پروٹوکول حاصل ہو۔

2 گھنٹی، ساز، باجے اور آلات موسیقی سننے والوں کے پاس رحمت کے فرشتے نہیں جاتے

قرآن کریم اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی پاک اور مبارک کلام ہے اور احادیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے رحمت بھرے ارشادات کا نام ہے۔ جب کوئی مسلمان ان دونوں پاکیزہ کلاموں کو چھوڑ کر آوارگی کا شکار ہوتا ہے اور اپنا دل ناچ گانا، موسیقی، میوزک اور ساز وغیرہ سے بہلاتا ہے تو ایسے بدنصیب شخص کے پاس رحمت کے فرشتے نہیں ٹھہرتے۔

صحیح مسلم شریف میں ایک حدیث ہے جس کو امام الفقہاء حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے روایت کیا ہے، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں:

لَا تَصْحَبُ الْمَلَائِكَةُ رُفْقَةً فِيْهَا جَرَسٌ

محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

''فرشتے ایسے مسافروں، قافلوں کے ساتھی نہیں بنتے جن کے ساتھ ساز والی گھنٹی ہے۔''

حدیث شریف سے معلوم ہوا کہ بالخصوص دوران سفر ساز، باجے اور موسیقی سے مکمل اجتناب کرنا چاہیے کیونکہ اللہ نہ کرے ایسی حالت میں اگر موسیقی وغیرہ سنتے ہوئے موت آجائے تو آخرت میں سوائے شرمندگی کے کچھ حاصل نہیں ہوگا۔ مگر حد درجہ افسوس کی بات ہے کہ ہمارے ہاں پبلک گاڑیوں میں ایسے فحش گانے اور گندی فلمیں لگائی جاتی ہیں کہ خاندانی شریف لوگوں کا سفر کرنا مشکل ہی نہیں ناممکن ہوتا ہے ۔اللہ تعالیٰ امت مسلمہ کو ہدایت نصیب فرمائے۔

3 نشہ کرنے والے کے پاس رحمت کے فرشتے نہیں آتے

اسلام میں ہر قسم کا نشہ حرام ہے کیونکہ نشہ کے روحانی و جسمانی کئی نقصانات ہیں۔ اکثر لوگ نشہ ہی میں دھت ہو کر حرام کاریوں میں ملوث ہوتے ہیں۔ سنن ابی داؤد میں رسول اللہ ﷺ کی ایک حدیث ہے جس میں تین ایسے بدنصیبوں کا ذکر ہے کہ جن کے پاس رحمت کے فرشتے نہیں آتے ان میں ایک شخص ایسا بھی ہے کہ جس کے بارے میں آپ ﷺ نے فرمایا: **اَلسُّکْرَان** ''نشہ کرنے والا''

حدیث طیبہ سے معلوم ہوا کہ نشہ کرنے والا جہاں بے شمار بھلائیوں سے محروم رہتا ہے وہاں اس کے پاس رحمت کے فرشتوں کا نزول بھی نہیں ہوتا۔ مسلمان کو ہر قسم کے نشہ سے اجتناب کرنا چاہیے۔ چاہے نشہ شراب، افیون اور چرس کا ہو یا نشہ آور ادویات استعمال کی جائیں یہ سب نشہ آور چیزیں حرام ہیں۔

4 حالت جنابت میں رحمت کے فرشتے پاس نہیں آتے

اللہ تعالیٰ اور اس کے آخری حبیب حضرت محمد رسول ﷺ صفائی ستھرائی

محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

اور طہارت کو حد درجہ پسند فرماتے ہیں اور جو شخص ہمہ وقت باوضو رہے یا اپنی طہارت کا مکمل خیال رکھے وہ اللہ اور اسکے رسول کا محبوب ہوتا ہے۔ بعض لوگ فرضی غسل کرنے میں حد درجہ غفلت کرتے ہیں ساری ساری رات یا دن کا اکثر حصہ گزر جانے تک غسل نہیں کرتے جب کہ صحیح حدیث کے مطابق ایسی حالت میں انسان کے پاس رحمت کے فرشتے نہیں آتے۔ جب انسان کے ذمہ فرض غسل واجب ہو تو اسے فوراً نہالینا چاہیے یا کم از کم وضو بنالینا چاہیے کیونکہ سنن ابی داوٗد میں رسول اللہ ﷺ کی حدیث ہے کہ چند افراد ایسے ہیں کہ ان کے پاس رحمت کے فرشتے نہیں آتے۔ ان میں سے ایک **وَلَا الْجُنُبَ** اور نہ ہی جنبی کے پاس رحمت کے فرشتے آتے ہیں۔

اس حدیث طیبہ سے معلوم ہوا کہ غسل طہارت جلد کر لینا چاہیے تاکہ ہم زیادہ دیر رحمت کے فرشتوں کے ساتھ سے محروم نہ رہیں۔

5 جس گھر میں تصویر ہو وہاں رحمت کے فرشتے نہیں آتے

گھروں میں اپنے بزرگوں، پیاروں، اداکاروں اور بچوں کی تصاویر آویزاں کرنا حرام ہیں۔ رسول اللہ ﷺ نے سختی کے ساتھ اس سے منع فرمایا ہے۔ اور یہ ایک ایسا گناہ ہے کہ جس کے نتیجہ میں انسان رحمت کے فرشتوں کے نزول سے محروم رہتا ہے۔ صحیح مسلم میں رسول اللہ ﷺ کی حدیث ہے آپ ﷺ نے فرمایا:

لَا تَدْخُلُ الْمَلَائِكَةُ بَيْتًا فِيهِ صُورَةٌ

''فرشتے ایسے گھر میں داخل نہیں ہوتے جہاں تصویر ہو۔''

اور سنن ابی داوٗد میں رسول اللہ ﷺ کا ایک اور فرمان بھی موجود ہے آپ ﷺ نے فرمایا: میرے پاس سید الملائکہ حضرت جبریل علیہ السلام تشریف لائے اور انہوں نے کہا میں گزشتہ رات بھی آیا تھا لیکن دروازے پر تصاویر آویزاں ہونے کی وجہ سے میں واپس چلا گیا حدیث کے الفاظ ہیں:

محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

وَكَانَ فِي الْبَيْتِ قِرَامٌ سِتْرٍ فِيهِ تَمَاثِيلُ

''گھر میں ایک پردہ تھا جس میں تصویریں تھیں۔''

حدیث شریف سے معلوم ہوا کہ جاندار کی تصویر لٹکانا ہرگز ہرگز درست نہیں مگر افسوس آج کل بڑے بڑے مذہبی اور نمازی گھرانے اس گناہ کی زد میں اور وہ اپنے پیاروں کی محبت کی آڑ میں یہ گناہ کرتے ہیں اور ساری زندگی رحمت کے فرشتوں کے نزول سے محروم رہتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ہم کو دین پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

6 جس گھر میں کتا ہو وہاں رحمت کے فرشتے نہیں آتے

کتا ایک ناپاک جانور ہے جس برتن میں منہ ڈال دے اس کو سات مرتبہ دھونے کا حکم ہے۔ ایسے ناپاک جانور کو گھر میں پالنا اور اس کے ساتھ پیار کرنا ایک احمقانہ فعل ہے۔ دین اس چیز کو ہرگز پسند نہیں کرتا۔ صحیح مسلم میں صدیقہ کائنات رضی اللہ عنہا سے ایک روایت ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ سیدنا جبریل کے آنے کا وقت ہو چکا ہے لیکن وہ تشریف نہیں لائے جبکہ اللہ اور اس کے فرشتے وعدوں کی خلاف ورزی نہیں کرتے۔ تھوڑی دیر کے بعد ایک کتے کا بچہ جو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی چارپائی کے نیچے چھپا تھا اس کو نکال دیا گیا بعد میں حضرت جبریل تشریف لائے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پوچھا میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا منتظر رہا لیکن آپ حسب وعدہ تشریف کیوں نہ لائے؟ جبریل علیہ السلام نے فرمایا:

مَنَعَنِي الْكَلْبُ الَّذِي كَانَ فِي بَيْتِكَ إِنَّا لَا نَدْخُلُ بَيْتًا فِيهِ كَلْبٌ

''آپ کے گھر میں جو کتا تھا اس نے مجھے آنے سے روکا کیوں ہم ایسے گھر میں داخل نہیں ہوتے جس میں کتا ہو۔''

اور مزید اس کے متعلق صحیح مسلم میں ہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے

محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

آپ ﷺ نے فرمایا:

لَا تَدخُلُ الْمَلائِكَةُ بَيتًا فِيه كَلْبٌ

''فرشتے ایسے گھر میں داخل نہیں ہوتے جس میں کتا ہو۔''

پیارے مسلمان بھائیو! اللہ کا دین ہمارے پاس دونوں جہانوں کی بھلائیاں لے کر آیا ہے اس پر عمل کرنے سے دونوں جہانوں کی عزت نصیب ہوتی ہے ہمارے معاشرے میں جو لوگ شریعت کے اس حکم کو نہیں مانتے ان کے کردار پر بڑا بُرا اثر پڑتا ہے۔

1۔ وہ شریف لوگوں کے ہاں عزت کی نظر سے نہیں دیکھے جاتے۔

2۔ کتوں پر خرچ کرنا فضول خرچی کے زمرہ میں آتا ہے کئی لوگ کتوں کے ایسے مرید ہوتے ہیں کہ اعلیٰ سے اعلیٰ کھلا کر بھی وہ سمجھتے ہیں کہ ابھی حق ادا نہیں ہوا جبکہ ماں باپ اور عزیز رشتہ دار ایک وقت کی روٹی اور دوائی کو ترس رہے ہوتے ہیں۔

3۔ انسان کی فطرت ہے کہ وہ ماحول سے اور اپنے ساتھی سے بہت اثر لیتا ہے۔ صبح وشام کتوں میں گزارنے والے لوگوں کی سیرت کو دیکھا جائے تو یہ بات بالکل واضح نظر آئے گی کہ وہ حد درجہ بدتمیز، ماں باپ، اپنے رشتہ داروں اور دوستوں کے آگے کتے کی طرح زبان چلانے والے اور حرام کو پسند کرنے والے ہوں گے۔

4۔ ساری زندگی رحمت کے فرشتوں سے محروم رہتے ہیں۔

5۔ ان کا شمار اللہ اور اس کے رسول کے نافرمانوں میں ہوتا ہے۔

نیز کتوں کی خرید وفروخت حرام ہے البتہ حفاظت کے لیے یا کھیتی باڑی کی دیکھ بھال کے لیے کتا رکھنا جائز ہے۔

7 جس گھر میں پیشاب رکھا جائے وہاں رحمت کے فرشتے نہیں آتے

رحمت کے فرشتے ہر قسم کی ناپاکی اور بو سے سخت نفرت کرتے ہیں۔ بیماری یا کسی دوسری مجبوری کے پیش نظر اگر برتن میں پیشاب کرنا پڑے تو اس کو زیادہ نہیں

محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

رکھنا چاہیے اسی طرح بچوں کے پاٹ بھی فوراً صاف کر دینے چاہئیں۔مزید برآں لیٹرین میں زیادہ پانی بہائیں تا کہ پیشاب و پاخانہ وہاں ٹھہرا نہ رہے۔اپنے واش روم کی صفائی کا روزانہ خیال رکھیں۔سلسلہ احادیث صحیحہ میں رسول اللہ ﷺ کی ایک حدیث ہے آپ ﷺ نے فرمایا:

لَا يُنْقَعُ بَوْلٌ فِي طَسْتٍ فِي الْبَيْتِ فَإِنَّ الْمَلَائِكَةَ لَا تَدْخُلُ بَيْتًا فِيهِ بَوْلٌ

”گھر کے اندر برتن میں پیشاب نہ رکھا جائے کیونکہ فرشتے ایسے گھر میں داخل نہیں ہوتے جس میں پیشاب ہو۔“

یہاں یہ بات یاد رکھیں کہ لوگوں میں جو بات مشہور ہے کسی عورت نے رسول اللہ ﷺ کا پیشاب پی لیا تھا یہ اور اس طرح کی سب باتیں غیر ثابت ہیں دین میں ان کی کوئی حیثیت نہیں لہٰذا رسول اللہ ﷺ کی عظمت بیان کرتے ہوئے اس طرح کے من گھڑت واقعات سے پرہیز کرنا چاہیے اور پیشاب کے علاوہ دیگر ناپاک اور بدبودار چیزوں کو بھی اپنے گھر میں نہ رکھیں کیونکہ ناپاک اور بدبودار جگہوں پر رحمت کے فرشتوں کا نزول نہیں ہوتا اور یہی وجہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ طہارت کا حد درجہ خیال رکھا کرتے تھے اور اعلیٰ خوشبو لگایا کرتے تھے۔

8 جھوٹ بولنے والے کے پاس رحمت کے فرشتے نہیں آتے

مومن جھوٹا نہیں ہوتا بلکہ جھوٹ نفاق کی علامت ہے۔ مسلسل جھوٹ بولنے والا بربادی کی طرف اپنے سفر کو جاری وساری رکھتا ہے بالآخر اس کی منزل جہنم ہوتی ہے اور ترمذی شریف کی حدیث کے مطابق جس میں اگرچہ کچھ ضعف ہے لیکن وہ حدیث معنی کے اعتبار سے قابل عمل ہے۔عبداللہ بن عمر بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

اذا كذب العبد تباعد عنه الملك ميلاً من نتن ما جاء به

''جب بندہ جھوٹ بولتا ہے تو فرشتے اس سے ایک میل دور چلے جاتے ہیں اس کے جھوٹ کی بدبو کی وجہ سے۔''

حدیث شریف سے معلوم ہوا کہ رحمت کے فرشتے حد درجہ پاکیزہ ہیں اور وہ جھوٹ بولنے والے ناپاک شخص کے پاس نہیں ٹھہرتے۔ اس لیے ہمیں اس جھوٹ کی بیماری سے جلد نجات حاصل کرنی چاہیے۔

★ جس سے فرشتے تکلیف محسوس کرتے ہیں

اسلام میں کسی انسان کو تکلیف دینا جائز نہیں چہ جائیکہ معصوم روحوں کو تکلیف دی جائے رحمت کے فرشتے جہاں ہر برائی سے نفرت کرتے ہیں وہاں وہ ہر بدبودار چیز سے تکلیف بھی محسوس کرتے ہیں۔ صحیح مسلم میں رسول اللہ ﷺ کی حدیث ہے:

www.KitaboSunnat.com

مَنْ اَكَلَ الْبَصَلَ وَالثُّومَ وَالْكُرَّاثَ فَلَا يَقْرَبَنَّ مَسْجِدَنَا فَإِنَّ الْمَلَائِكَةَ تَتَأَذَّى مِمَّا مِنْهُ بَنُو آدَمَ

''جس نے کچا پیاز، تھوم اور گندنا کھایا وہ ہماری مسجد کے ہرگز ہرگز قریب نہ جائے کیونکہ فرشتے بھی اس چیز سے تکلیف محسوس کرتے ہیں جس سے آدم کے بیٹے تکلیف محسوس کرتے ہیں۔''

اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ بدبودار اشیاء استعمال کرنے سے رحمت کے فرشتے تکلیف محسوس کرتے ہیں۔ حقہ، تمباکو نوشی وغیرہ سے مکمل اجتناب کریں کیونکہ یہ سب چیزیں حرام ہیں اور ان کے استعمال سے رحمت کے فرشتے تکلیف محسوس کرتے ہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

مؤلف کی دیگر کتب











مکتبہ قدوسیہ
کتاب و سنت کی ترویج کے لئے کوشاں
www.QUDDUSIA.com

محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ